ادارہ تحفظ بچگان(barnevernstjenesten) آپ سے رابطہ کیوں کر رہا ہے؟

ہم آپ کی مدد کریں گے

ادارہ تحفظ بچگان کا سب سے اہم فرض یہ خیال رکھنا ہے کہ ناروے میں پلنے بڑھنے والے بچے محفوظ اور اچھے حال میں ہوں۔ یہ کام ہم بنیادی طور پر گھر والوں کی مدد سے کرتے ہیں۔

ہم آپ سے اس لیے رابطہ کر رہے ہیں کہ کسی نے آپ کے بچے کے حالات کے متعلق فکر ظاہر کی ہے۔ انہوں نے ہمیں اس بارے میں اطلاع دی ہے۔ اب ہم آپ سے ملیں گے اور ہم جاننا چاہتے ہیں کہ آپ لوگوں کے کیا حالات ہیں اور ہمیں ملنے والی فکرمندی کی اطلاع کے متعلق آپ کے کیا خیالات ہیں۔ اگر آپ لوگوں کو کسی مدد کی ضرورت ہو تو ہمارے پاس بہت سی مختلف امدادی پیشکشیں ہیں جو آپ کے گھرانے کے لیے فائدہ مند ہو سکتی ہیں۔

ادارہ تحفظ بچگان کے رابطہ کرنے پر پریشان ہو جانا بالکل نارمل ہے۔ آپ کو یہ بھی پتہ ہونا چاہیے کہ والدین کا خود ہم سے رابطہ کر کے مدد مانگنا بھی عام ہے اور بچے بھی خود ہم سے رابطہ کرتے ہیں۔ جب کوئی ادارہ تحفظ بچگان سے رابطہ کرتا ہے تو اس کا مقصد بچوں اور گھرانے کو سہارا دلانا ہوتا ہے۔

کبھی کبھار ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ فکرمندی کی کوئی وجہ نہیں ہے اور تب ہم کیس بند کر دیتے ہیں۔

ادارہ تحفظ بچگان کس طرح آپ کی مدد کر سکتا ہے

ادارہ تحفظ بچگان کئی طریقوں سے مدد کر سکتا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ ہم آپ کے گھرانے کے ساتھ مل کر اچھا نتیجہ حاصل کریں۔ سب سے عام یہ ہے کہ ہم گھرانوں کو مختصر یا لمبی مدت کے لیے مدد دیتے ہیں اور اکثر بیک وقت کئی طریقوں سے مدد دی جاتی ہے۔ اکثر ہم والدین کو مشورے اور رہنمائی دیتے ہیں اور ہم آپ کی مدد کے لیے سکول، بارنے ہاگے، NAV، فیملی ڈاکٹر اور دوسروں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔

آپ کی مدد کے کچھ دوسرے طریقے یہ ہو سکتے ہیں کہ آپ کو بارنے ہاگے میں داخلے کے لیے مدد دی جائے یا وزٹنگ ہوم (ویک اینڈ میں بچوں کو میل جول مہیا کرنا) یا بچوں کے لیے کسی اور سہارے کا بندوبست کیا جائے۔

آپ کے حقوق کیا ہیں؟

ادارہ تحفظ بچگان سے واسطے میں آپ کو بہت سے حقوق حاصل ہیں اور جب آپ کی ہم سے ملاقات ہو گی تو ہم آپ کو اس بارے میں تفصیل بتائیں گے۔ کچھ حقوق یہ ہیں:

- ادارے سے ملاقات کے وقت آپ کو ترجمان لینے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کو گفتگو کے لیے ترجمان کی ضرورت ہے تو ہمیں بتائیں۔
- ادارے سے ملاقات کے وقت آپ کو اپنے بھروسے کے کسی شخص کو ساتھ رکھنے کا حق حاصل ہے۔ یہ حق والدین اور بچوں، دونوں کو حاصل ہے۔
- آپ کا حق ہے کہ آپ کو کیس کے متعلق اچھے طریقے سے معلومات ملیں۔
- آپ کا حق ہے کہ آپ اپنے کیس پر کام میں شامل ہوں۔

ادارہ تحفظ بچگان کے کیا فرائض ہیں؟

تمام نارویجن بلدیات (کمیونز) میں ادارہ تحفظ بچگان ہونا لازمی ہے۔

- کام کی بنیاد تحفظ بچگان کے قانون پر ہو گی۔
- جب ادارہ تحفظ بچگان کو فکر کی اطلاع ملے تو ہم یہ غور کرنے کے پابند ہیں کہ آیا ہمیں اس کیس کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنی چاہیئں۔ اگر ہم اس نتیجے پر پہنچیں کہ ہمیں بچے کے حالات کی چھان بین کرنی ہو گی تو ہم بچے سے تعلق رکھنے والے کئی لوگوں سے بات کر کے پتہ کرتے ہیں کہ آیا بچے اور اس کے گھرانے کو مدد کی ضرورت ہے۔
- ادارہ تحفظ بچگان اس صورت میں دوسرے امدادی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے کہ اس سے بچے اور گھرانے کو بہتر مدد مل سکتی ہو۔
- ادارہ تحفظ بچگان گھرانے کی تہذیب، نسل، مذہب اور زبان کا خیال رکھے گا۔
- ادارہ تحفظ بچگان یہ یقینی بنائے گا کہ بچے اور والدین کو اچھی معلومات ملیں اور انہیں اپنے خیالات بتانے کا موقع حاصل ہو۔

جب کوئی بچہ یا گھرانہ کسی مشکل میں ہو تو ادارہ تحفظ بچگان بچوں اور گھرانوں کی مدد کر سکتا ہے۔ ادارے کے متعلق مزید معلومات کے لیے دیکھیں: bufdir.no/barnevern